# PS+YOU

چانسلر Melissa Aviles-Ramos کی جانب سے

NYC Public Schools








**کالج سطح کی تعلیم کا اب آغاز ہو رہا ہے**

عزیز اہل خانہ اور رفقائے کار،

پچھلے ہفتے، میں نے طلباء کے ایک گروپ کی عمدہ کامیابی کو منانے کے لیے برونکس میں World View High School کا دورہ کیا تھا: Lehman College میں چھ یا زیادہ کورس کریڈٹس حاصل کرنا۔ گو کہ وہ اس وقت کالج کے طلباء نہیں ہیں، لیکن وہ College Now (کالج ناؤ) کی وجہ سے کالج کی تعلیم قبل از وقت شروع کر رہے ہیں۔

کالج ناؤ، کی سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک (CUNY) کے ساتھ شراکت داری ہے جس کی وجہ سے ہمارے ہائی اسکول کے طلباء سندیافتگی سے قبل CUNY کورسس میں اندراج کروا سکتے ہیں، جس سے انہیں آگے جا کر وقت اور ٹیوشن دونوں کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

یہ ان کئی طریقوں میں سے ایک ہے جس کے ذریعے ہمارا دفتر برائے طالب علم پاتھ ویز کالج اور پیشہ ورانہ تیاری کا ایک نیا تصور تشکیل دے رہا ہے۔ کالج ناؤ طلباء کو دیگر اقدامات جیسے کہ FutureReadyNYC اور Career and Technical Education، کے ذریعے اعلیٰ تعلیم اور ورک فورس دونوں میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے صلاحیتیں، علم اور تجربہ فراہم کرتے ہیں۔

سال میں اس وقت، ہمارے اسکولز سینیئرز کی ان کے اگلے اقدامات کی تیاری میں بھرپور مدد کرتے ہیں۔ یاد رکھیں، نیو یارک شہر پبلک اسکولز سے سندیافتہ ہونے والے تمام طلباء کو CUNY پروگرام میں داخلے کی ضمانت دی جاتی ہے، اور 21 نومبر تک ہمارے طلباء سے CUNY میں درخواست دینے کی فیس نہیں لی جائے گی۔

مزید معلومات اور مشاورت کے مواقع کے لیے، ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔ اور CUNY، ہمارے کئی شراکت دار، ہمارے خاندان اور ہمارا عملہ، جنہوں نے ہمارے طلباء کے روشن مستقبل بنانے میں انتہائی اہم کردار ادا کیا ہے آپ سب کا شکریہ۔


شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos
چانسلر

**چانسلر کا مرکز توجہ (اسپاٹ لائٹ):**
ہمارے دفتر برائے طالب علم پاتھ ویز کی ٹیم کالج ناؤ اور FutureReadyNYC جیسے پروگراموں کو فروغ اور مدد دینے پر انتہائی توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے تاکہ یقینی بنایا جائے کہ طلباء کو کامیاب ہونے کی راہ میں اعلیٰ معیاری مواقع مل سکیں۔ جیسے کہ Kristen Harris، مساعد اعلیٰ برائے کالج اور طرزِ معاش کی منصوبہ بندی، نے کہا "جب طلباء کے گرد تمام ادارے جمع ہو جاتے ہیں، رکاوٹیں گر جاتی ہیں، مواقع بڑھ جاتے ہیں، اور ہر نوجوان فرد خود کو اپنے مستقبل کی واضح راہ میں دیکھنے لگتا ہے"

چانسلر کے اسپاٹ لائٹ کے لیے کسی فرد یا پروگرام کو یہاں نامزد کریں۔

**ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:**



ترجمے کے لیے، برائے مہربانی ہمارے یو ٹیوب صفحے پر جائیں۔
ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

**NYCPS خبریں اور وسائل:**

- طلباء کو تابناک مستقبل کے لیے تیار کرنے کے لیے مالیاتی خواندگی ایک اہم عنصر ہے۔ The Morning Bell کے لیے budgeting basics and consumer tips for young adults پر مرکوز نئے متن ملاحظہ کریں۔
- مزید خبروں اور وسائل کے لیے، NYCPS کو آن لائن فیس بُک، انسٹاگرام، X، اور یوٹیوب پر فالو کریں۔
- میئر Eric Adams کی جانب سے ہفتہ وار تازہ ترین معلومات کے لیے Mayor's Office YouTube page پر جائیں۔ آپ میئر کے دفتر کے ساتھ براہ راست تازہ ترین معلومات حاصل کرنے کے لیے سائن اپ بھی کر سکتے ہیں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ اس خبرنامے کو مزید وصول نہیں کرنا چاہتے تو خارج ہونے کے لیے برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔